Welcome letter for ESL at Lynchburg City Schools – Urdu

لینچ برگ سٹی اسکول میں ای ایس ایل

محترم والدین / سرپرستِ اعلیٰ

سب سے پہلے ہم آپ کو لینچ برگ میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ یہ خط آپ کو اس لیئے بھیجا گیا کیونکہ آپ کے بچے لینچ برگ سٹی اسکول میں نئے ہیں اور ہم یہ بات بخوبی سمجھتے ہیں کہ انگریزی آپ کی مادری زبان نہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ آپکا بچہ یا بچی اسکول میں کامیاب ہوں اور اس لیئے انگریزی زبان سکھانے میں اس کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کی شمولیت بچے کی تعلیم کے لیئے ضروری ہے۔ اس لیئے ہم آپ کے بچے کو ای ایس ایل یعنی انگریزی آپکی دوسری زبان کے پروگرام میں شامل کرنے کی اجازت چاہتے ہیں۔ اس خط کے ساتھ منسلک فارم اس پروگرام میں شمولیت کا اجازت نامہ ہے۔ فارم مکمل کرنے سے پہلے ہم آپ کو پروگرام کے بارے میں تفصیل بتانا چاہتے ہیں۔ ای ایس ایل کے طالب علم کو ان کے ہم عمر بچوں کے ساتھ نارمل کلاس میں داخلہ دیا جاتا ہے۔ پانچ سالہ بچہ - کنڈرگارٹن - چھ سالہ بچہ - پہلی کلاس۔ پھر ای ایس ایل کے بچوں کو روزانہ آدھا گھنٹہ اضافی، انگریزی زبان کی تربیت دی جاتی ہے۔ یہ نارمل کلاس میں دی گئی انگریزی اور دوسری تعلیم کے علاوہ ہوتی ہے۔ اس سے پہلے کہ یہ فیصلہ کیا جائے کہ نئے طالب علم کس کلاس میں جائیں گے۔ ای ایس ایل کے ماہر آپس میں مل کر تمام بچوں کو ٹیسٹ کرتے ہیں تاکہ وہ یہ معلوم کر سکیں کہ بچے انگریزی زبان میں کس حد تک ماہر ہیں۔

ورجینیہ اسٹیٹ کے محکمہ تعلیم نے انگریزی زبان میں مہارت کے چار درجے مقرر کیئے ہیں۔ ہر درجہ انگریزی زبان سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی مہارت ظاہر کرتا ہے۔ درجوں کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے۔

درجہ اول (۱) - طالب علم زبان کے حروف تہجی کی پہچان ان کو پڑھنا اور عام بول چال کی باتوں کا جواب آسان اور مختصر الفاظ میں دینا شروع ہو جاتے ہیں۔

درجہ دوم (۲) - طالب علم فعل کی مختلف اقسام کو سمجھنے لگتے ہیں اور مختصر بات چیت آسان جملوں میں کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ مختصر کہانیوں کو سمجھنا، ان کا مرکزی خیال سمجھنا، رسالوں کی چھوٹی کہانیاں لکھنا اور کچھ مشکل جملوں کی بناوٹ بہت کم غلطیوں کے ساتھ کرنے کے اہل ہو جاتے ہیں۔

درجہ سوم (۳) - طالب علم زبان کے زیادہ تر قواعد و ضوابط، اشکال، ذخیرہ الفاظ اور محاورات کو سمجھنے لگتا ہے۔ وہ بیشتر مواقعوں پر علمی بات چیت کی اہلیت حاصل کر لیتا ہے اور بغیر کسی مدد کے اپنے طور پر تحریر کو سمجھ سکتا ہے۔ وہ زبان کے اشارے اور صحیح زبان میں مضمون کی تحریر اور صحیح طور پر اپنے خیالات کو کاغذ پر ایک ترتیب کے ساتھ لکھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

درجہ چہارم (۴) - اس درجے میں طالب علم بول چال اور کتابی تحریر کو برابری کے ساتھ سمجھنے لگتا ہے۔ وہ عام بات چیت انتہائی کم غلطیوں کے ساتھ کر سکتا ہے۔ وہ اپنی جماعت کے درجے کے مطابق تمام تحریریں سمجھ پاتا ہے اور ان کو پڑھ سکتا ہے جیسے کہ اس کے ساتھی بچے کر پاتے ہوں جن کی مادری زبان انگریزی ہو۔ اور اسی مطابقت سے یہ بچے انگریزی زبان لکھنے میں بھی مہارت حاصل کر لیتے ہیں۔

ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ آپ کا بچہ ای ایس ایل کلاس میں ہونے کا مکمل فائدہ اٹھائے گا۔ ہمارا مقصد آپ کے بچے کو انگریزی زبان سیکھنے میں مدد کرنا ہے۔ جس کے بعد آپکا بچہ اپنے باقی ہم جماعت بچوں کے ساتھ بات چیت اور اساتذہ سے رابطہ رکھ کر کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

آپ اپنے بچے کی ہمت افزائی کر کے ہماری مدد کر سکتے ہیں۔ اپنی مادری زبان کا استعمال گھر میں جاری رکھیں اور اس زبان میں بھی پڑھنے کی ہمت افزائی کریں۔ اپنی مادری زبان میں عبورت آپکو دوسری زبان میں عبورت حاصل کرنے میں مدد کرتی ہے۔ اس میدان میں کی گئی تحقیق بھی یہ ظاہر کرتی ہے کہ بچے دو زبانوں میں اکٹھے کامیاب ہو سکتے ہیں۔ البتہ دوسری زبان میں مہارت حاصل کرنے میں کچھ وقت لگتا ہے۔ اور تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ عام طور پر کسی مقامی انگریزی بولنے والے جیسی عبورت حاصل کرنے میں پانچ سے سات سال تک لگ سکتے ہیں۔ ہم یہاں آپ کی مدد کے لیئے ہیں۔

آپ کا مخلص

لینچ برگ سٹی اسکول کا ای ایس ایل اسٹاف

داخلے اور امتحان کی اجازت

محدود انگریزی عبور کے طالب علموں کا ای ایس ایل میں داخلہ

(یہ فارم طالب علم کے مستقل ریکارڈ میں رکھا جائے گا۔)

طالب علم کا نام ________________________

والدین/سرپرست کا نام ________________________

انگریزی کے علاوہ اور کون سی زبان گھر میں بولی جاتی ہے۔ (یعنی بچے کی مادری زبان) ________________________

مہربانی فرما کر نیچے دی گئی جگہ پر چیک (✓) کا نشان لگائیں تاکہ بچے کی انگریزی صلاحیت ٹیسٹ کی جا سکے۔

( ) میں لینچ برگ سٹی اسکول کو اجازت دیتا ہوں کہ وہ میرے بچے کی انگریزی صلاحیت کو ٹیسٹ کر سکیں۔

( ) میں لینچ برگ سٹی اسکول اجازت نہیں دیتا کہ وہ میرے بچے کی انگریزی صلاحیت کو ٹیسٹ کر سکیں۔

مہربانی فرما کر نیچے دی گئی جگہ پر چیک (✓) کو نشان لگائیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ ای ایس ایل میں مدد حاصل کرے۔

( ) میں یہ چاہتا ہوں کہ میرا بچہ کلاس کے علاوہ اضافی طور پر انگریزی میں مدد حاصل کرے۔

( ) میں نہیں چاہتا کہ میرا بچہ کلاس کے علاوہ اضافی طور پر انگریزی میں مدد حاصل کرے۔

میں یہ بات بخوبی جانتا ہوں کہ انگریزی زبان میں مدد حاصل کرنے سے انکار کی صورت میں نارمل کلاس کے اساتذہ میرے بچے کو کسی بھی قسم کی رعایت دینے کے قابل نہیں ہونگیں جو مقامی انگریزی بولنے والے طالب علم کو میسر نہیں۔

________________________ نگس

___/___/___ ند